SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
December 30, 2021

ایس ای سی پی نے این بی ایف سیز کی لائسنسنگ کے لئے گائیڈ بک جاری کر دیں

اسلام آباد دسمبر (30): سکیور ٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے نان بینک فنانس سیکٹر کے مختلف شعبوں کو لائسنس حاصل کرنے میں رہنمائی اور سہولت فراہم کرنے کے پیش نظر لائسنس کی گائیڈ لائنز جاری کر دیں ہیں۔ یہ جامع لائسنس گائیڈ لائنز ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

ایس ای سی پی کی جاری کر دہ گائیڈ لائنز میں نان بینک فنانس کمپنیوں کی رجسٹریشن اور لائسنسنگ کے طریقہ کار، قابل اطلاق فیس، اہم پیشگی شرائط، متعلقہ قانونی دفعات، فارمز اور فارمیٹس کے حوالے سے جامع معلومات فراہم کی گئیں ہیں۔ گائیڈ بک میں فنڈ مینجمنٹ نان بینک فنانس کمپنیوں کے ساتھ ساتھ قرض دینے والی این بی ایف سیز کو تشکیل دینے اور لائسنسنگ کے لیے قانونی تقاضوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

این بی ایف سیز سیکٹر میں فنڈ مینجمنٹ کمپنیاں جو خدمات فراہم کرتی ہیں ان میں ایسٹ مینجمنٹ، سرمایہ کاری کی مشاورت، ریٹ مینجمنٹ، پرائیویٹ ایکویٹی، وینچر کیپٹل مینجمنٹ اور پنشن فنڈ کی اسکیمیں شامل ہیں جبکہ قرض دینے والی این بی ایف سیز میں انوسٹمنٹ فنانس سروسز، ڈسکاؤنٹنگ، ہاؤسنگ فنانس، مائیکرو فنانس اور لیزنگ شامل ہیں۔

یہ گائیڈ بک سرمایہ کاروں کے لئے ریگولیٹری تقاضوں کو سمجھنے اور ان کی تعمیل میں معاون ثابت ہو گی۔ یہ گائیڈ بک ایس ای سی پی کی ویب سائٹ سے حاصل کی جاسکتی ہے۔ https://www.secp.gov.pk/document/procedural-guide-on-formation-and-licensing-nbfcs/?wpdmdl=43780&refresh=61cd43eeda8511640842222

.

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005